**16.08.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
Music

..........................................................................

- ☆ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات تین مرحلوں میں اگلے مہینے کی 18 تاریخ سے شروع ہوں گے۔ ہریانہ میں ایک ہی مرحلے میں یکم اکتوبر کو پولنگ ہوگی۔
- ☆ مرکز نے تین میٹرو پروجیکٹوں اور دو نئے ایئرپورٹ سہولیات کی منظوری دی ہے۔
- ☆ بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے اعلیٰ مشیر محمد یونس نے وزیراعظم نریندر مودی سے ٹیلیفون پر بات کی ہے۔ وزیراعظم نے جمہوری، پُرامن اور ترقی پسند بنگلہ دیش کیلئے بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔
- ☆ کولکتہ میں خاتون ڈاکٹر کی مبینہ عصمت دری اور قتل کے خلاف احتجاج کی وجہ سے ملک بھر کے بہت سے شہروں میں طبی خدمات متاثر ہوئی ہیں۔
- ☆ مرکزی وزارتِ صحت نے اداروں کے سربراہوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ڈاکٹروں کے خلاف تشدد کے کیس میں 6 گھنٹے کے اندر ادارہ جاتی FIR درج کرائیں۔
- ☆ اور 2022 کیلئے قومی فلم ایوارڈس کا اعلان کیا گیا ہے۔ ریشبھ شیٹھی کو بہترین اداکار جبکہ Nithya Menen اور مانسی پاریکھ کو تمل اور گجراتی فلموں کیلئے بہترین اداکارہ کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *ECE Assembly Poll*

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات تین مرحلوں میں اگلے مہینے کی 18 تاریخ سے شروع ہوں گے، جبکہ ہریانہ میں ایک ہی مرحلے میں یکم اکتوبر کو ہوں گے۔ جموں وکشمیر اور ہریانہ دونوں کے 90 ممبران پر مشتمل اسمبلی حلقوں کیلئے ووٹوں کی گنتی 4 اکتوبر کو ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا۔ جناب کمار نے کہا کہ جموں وکشمیر میں پہلے مرحلے کے انتخابات 18 ستمبر، دوسرے مرحلے کے انتخابات 25 ستمبر اور تیسرے اور آخری مرحلے کے انتخابات یکم اکتوبر کو ہوں گے۔x

## Cabinet Metro Airport

مرکزی کابینہ نے ملک میں تین نئے میٹرو ریل پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ ان میں بنگلور میٹرو کا 15 ہزار 600 کروڑ روپئے کی لاگت والا تیسرا مرحلہ، 12 ہزار 200 کروڑ روپئے کی لاگت والا تھانے Integral Ring میٹرو اور تقریباً تین ہزار کروڑ روپئے کی لاگت والے پونے میٹرو ایکسٹینشن پروجیکٹ شامل ہیں۔ نئی دلّی میں کابینہ میٹنگ کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بنگلور میٹرو پروجیکٹ سے شہر میں ٹریفک کا مسئلہ حل کرنے میں مدد ملے گی۔

انھوں نے بتایا کہ تھانے Integral Ring میٹرو پروجیکٹ ناوپاڑا، واگلے اسٹیٹ، ڈونگری پاڑا، ہیرانندانی اسٹیٹ، کول شیٹ اور ساکیت سمیت اہم علاقوں کو جوڑے گا۔

انھوں نے مزید کہا کہ پونے میٹرو مرحلہ ایک پروجیکٹ Swargate اور Katraj کو آپس میں جوڑے گا۔

S/B 2100 Ashwani Vaishnav Metro Airport

جناب ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے بہار کے Bihta اور مغربی بنگال کے باگ ڈوگرا میں نئے سول انکلیوس کی بھی منظوری دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ منظوری کے مطابق باگ ڈوگرا ایئرپورٹ پر نیا سول انکلیو تیار کیا جائے گا جس پر اندازاً ایک ہزار 549 کروڑ روپئے خرچ ہوں گے۔ وزیرموصوف نے مزید بتایا کہ Bihta میں نیا سول انکلیو بنایا جائے گا جس پر ایک ہزار 413 کروڑ روپئے خرچ ہوں گے۔x

## Chauhan Kisano Ki Baat

سرکار کسانوں کو سائنس کی معلومات فراہم کرنے کیلئے ریڈیو پر کسانوں کی بات کا ایک پروگرام شروع کرے گی۔ یہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ماہانہ من کی بات پروگرام کے طرز پر ہوگا، جو آکاشوانی سے نشر کیا جائے گا۔

نئی دلّی میں کسانوں سے بات چیت کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ یہ پروگرام اگلے مہینے شروع ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے ساتھ ساتھ زرعی سائنسداں اور محکمے کے حکام کسانوں کو معلومات فراہم کریں گے۔

S/B Shivraj Singh Chauhan

## MoU Prasar Bharti

عوامی نشریاتی ادارے پرسار بھارتی اور سنسد ٹیلی ویژن کے درمیان آج پارلیمنٹ میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ اِس مفاہمت نامے کا تبادلہ سنسد ٹی وی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر Rajit Punhani اور پرسار بھارتی کے CEO گورو دیویدی کے علاوہ دونوں اداروں کے سینئر افسران کی موجودگی میں کیا گیا۔ مفاہمت نامے کے مقاصد کے بارے میں بات کرتے ہوئے پرسار بھارتی کے CEO گورو دیویدی نے کہا کہ اِس مفاہمت نامے سے مواد اور پروگرام کے باہمی اشتراک کے علاوہ پرسار بھارتی کے OTT پلیٹ فارموں پر سنسد ٹی وی کے ٹیلی کاسٹ اور تربیتی سہولیات کے استعمال میں آسانی ہوگی۔

2100- Gaurav Dwievedi

اِس موقع پر سنسد ٹی وی کے CEO، Rajit Punhani نے کہا کہ اس مفاہمت نامے سے سنسد ٹی وی اور پرسار بھارتی کے درمیان باہمی تعاون کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔

S/B: Rajit Punhani

## ***ISRO***

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم، اِسرو نے ارضیاتی مشاہدہ سیّارچے، EOS-08 اور مسافر سیارچے، SR-O Demosat کو آج صبح سری ہری کوٹہ کے ستیش دھون خلائی مرکز سے کامیابی کے ساتھ داغا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِسرو کے سائنسدانوں کو آج سیٹلائٹ لانچ وہیکل، SSLV-D3 کے کامیاب لانچ پر مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا پر جناب مودی نے کہا کہ یہ انتہائی خوشی کی بات ہے کہ بھارت کے پاس اب ایک نئی لانچ وہیکل ہے۔ x

## ***Modi Bangladesh***

بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے اعلیٰ مشیر محمد یونس نے اپنے ملک میں ہندوؤں اور تمام اقلیتوں کی سلامتی، تحفظ اور سیکیورٹی کا یقین دلایا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کو آج پروفیسر محمد یونس کی جانب سے ایک ٹیلیفون کال موصول ہوئی۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب مودی نے ایک جمہوری، مستحکم، پُرامن اور ترقی پسند بنگلہ دیش کیلئے بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا۔ انھوں نے مختلف ترقیاتی اقدامات کے ذریعے بنگلہ دیش کے عوام کی مدد کیلئے بھارت کے عزم کو بھی دوہرایا۔x

## ***PM Israel***

وزیر اعظم نریندر مودی اور اُن کے اسرائیلی ہم منصب بنجامن نیتن یاہو نے آج مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب مودی کے پاس بنجامن نیتن یاہو کا فون آیا تھا۔ بات چیت کے دوران، جناب مودی نے کشیدگی کو کم کرنے پر زور دیا۔ انھوں نے تمام یرغمالیوں کی فوری رہائی اور متاثرہ لوگوں کیلئے لگاتار انسانی تعاون کی ضرورت کیلئے بھارت کی بات کو دوہرائی۔ جناب مودی نے بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے تنازع کے جلد اور پُرامن حل کی بات کہی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں اور بھارت-اسرائیل کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔x

## ***India Global South***

بھارت کل ورچوئل وسیلے سے تیسری وائس آف گلوبل ساؤتھ سمٹ کی میزبانی کرے گا۔ اِس سربراہ کانفرنس کا موضوع ہے: پائیدار مستقبل کیلئے ایک با اختیار عالمی خطۂ جنوب۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ عالمی خطۂ جنوب کے تمام ممالک کو اِس سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ افتتاحی اجلاس، سربراہِ مملکت اور حکومت کی سطح پر ہوگا اور اِس کی میزبانی وزیر اعظم نریندر مودی کریں گے۔ x

## Doctors Strike

کولکتہ میں ایک ٹرینی پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے خلاف مختلف میڈیکل تنظیموں کی طرف سے جاری احتجاج کی وجہ سے ملک بھر کے مختلف شہروں میں طبی خدمات متاثر ہوئی ہیں۔ بہار میں پٹنہ میڈیکل کالج اور اسپتال اور نالندہ میڈیکل کالج اور اسپتال کے ریزیڈنٹ ڈاکٹر آج غیرمعینہ ہڑتال پر چلے گئے۔ مہاراشٹر کے ریزیڈنٹ ڈاکٹروں کی تنظیم اور وہاں کے میڈیکل انٹرنس کی تنظیم بھی بڑھتے ہوئے احتجاج میں شامل ہوگئی ہیں۔ بھارتی میڈیکل تنظیمIMA نے کل صبح 6 بجے سے غیرایمرجنسی خدمات نہ دینے کا 24 گھنٹوں کے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔تنظیم نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ضروری خدمات جاری رہیں گی اور Casualty Wards کھلے رہیں گے۔ IMA نے کہا ہے کہ OPD میں کام کاج نہیں ہوگا اور چنندہ سرجری نہیں کی جائیں گی۔x

## DGHS-Letter

صحت کی مرکزی وزارت نے ہدایت دی ہے کہ ادارے کے سربراہ ڈاکٹروں کے خلاف تشدد کے کیس میں زیادہ سے زیادہ 6 گھنٹے کے اندر ایک ادارہ جاتی FIR درج کرانے کے ذمے دار ہوں گے۔صحت خدمات کے ڈائریکٹر جنرل Atul گوئل نے اِس سلسلے میں مرکزی سرکار کے اسپتالوں اور میڈیکل کالجوں کے سربراہوں کو ایک خط لکھا ہے۔کولکتہ میں ایک ڈاکٹر کی مبینہ عصمت دری اور قتل کے حالیہ معاملات اور اس پر ریزیڈنٹ ڈاکٹروں کے احتجاج کے بعد یہ ہدایت سامنے آئی ہے۔x

## National Film Awards

2022 کیلئے 70ویں قومی فلم ایوارڈس کا آج نئی دلّی میں اعلان کیا گیا۔ فلم Kantara میں بہترین اداکاری کیلئے Rishab Shetty کو بہترین اداکار کا ایوارڈ دیا گیا۔تمل فلم Thiru Chitram Balam میں بہترین اداکاری کیلئے Nithya Menen جبکہ گجراتی فلم کچھ ایکسپریس میں شاندار کارکردگی کیلئے مانسی پاریکھ کو بہترین اداکارہ کا ایوارڈ دیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........................

VC Anand/Dipendra

ملیالم فلم، Aattam کو بہترین فیچرفلم جبکہ فلم آئینہ کو بہترین نان فیچر فلم قرار دیا گیا۔ سورج بڑجاتیہ کو فلم اونچائی کیلئے بہترین ہدایتکار کے انعام سے نوازا گیا۔فیچر فلم زمرے میں ہندی کیلئے فلم گل مہر کو چنا گیا۔ وہیں نان فیچر فلم زمرے میں ہریانوی فلم فوجہ کو بہترین نغمے کیلئے انعام کا اعلان کیا گیا۔

بہتری مرد گلوکار کیلئے ارجیت سنگھ اور بہترین خاتون گلوکار کیلئے بامبے جئے شری کو منتخب کیا گیا۔ دیگر فلموں جیسے Ponniyin Selvan Part-1,KGF 2, Brahmastra, Aparajito, Emuthi Puthi, Kaberi Antardhan, Daman اور Baghi Di Dhee نے بھی انعامات جیتے۔

آنند کمار اور بھوپیندر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Pak MPOX

پاکستان میں آج Mpox بیماری کے دو مزید معاملے سامنے آئے ہیں جس کے ساتھ ہی مجموعی کیسوں کی تعداد تین ہوگئی ہے۔ یہ رپورٹ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب عالمی صحت تنظیم WHO اور بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے افریقی مراکز نے اِسے ایک عالمی صحت ایمرجنسی قرار دیا ہے۔ Mpox کا پہلا مشتبہ معاملہ پاکستان میں ایک 34 سالہ نوجوان میں سامنے آیا ہے، جو حال ہی سعودی عرب سے واپس آیا تھا۔ خیبر پختوان خواہ کے دو نئے مریضوں میں Mpox کی تصدیق ہوئی ہے۔ تینوں مریضوں کو الگ تھلگ رکھا گیا ہے۔ عالمی صحت حکام نے کل سوئیڈن میں Clade-1b کے انفیکشن کی تصدیق کی ہے۔ یہ افریقہ کے باہر پہلا معاملہ ہے۔x

## Pak Explosive Attack

پاکستان میں آج خیبرپختون خواہ ریاست میں ایک دھماکے میں دو پولیس والوں سمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ ریاستی راجدھانی پشاور میں اُس وقت ہوا جب ایک پولیس گاڑی پر سڑک کے کنارے رکھے دھماکے خیز مادّے سے حملہ کیا گیا۔ کسی بھی گروپ نے اب تک حملے کی ذمے داری نہیں لی ہے اور ذمے دار لوگوں کی شناخت کیلئے تفتیش جاری ہے۔x

## India Syria

بھارت نے شام کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد بھیجی ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کرنے کے اپنے عزم کو مد نظر رکھتے ہوئے بھارت نے کینسر کی دوائیں شام بھیجی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ تقریباً ایک ہزار 400 کلوگرام کی یہ کھیپ، شام کی حکومت اور اُس کے عوام کو اِس بیماری سے نمٹنے میں مدد فراہم کرے گی۔ x

## Bangladesh Fitch

Fitch Ratings نے کل کہا کہ بنگلہ دیش میں جولائی اور اگست مہینے میں مظاہروں کے بعد عوامی لیگ کی حکومت کے گرنے سے Sovereign's credit پروفائل کے بارے میں غیر یقینی کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ Fitch نے مئی 2024 میں بنگلہ دیش کی درجہ بندی کو B+/ مستحکم سے گھٹا کر مائنس BB/ منفی کر دیا ہے۔ x

## COAS Filicitation-OLY

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی نے آج پیرس اولمپکس 2024 میں کامیابی حاصل کرنے والے نیرج چوپڑا اور فوج کے دوسرے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ نیرج چوپڑا بھارتی فوج میں ایک صوبیدار ہیں اور انھوں نے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ صوبیدار Bommandevara دھیرج نے تیر اندازی میں چوتھا مقام حاصل کیا تھا۔x

## Mandaviya Paralympic

اس سال پیرس میں ہونے والے پیرا لمپک کھیلوں میں 84 کھلاڑیوں پر مشتمل اب تک کا سب سے بڑا دستہ شامل ہوگا۔ پیرا لمپک کھیلوں کا انعقاد 28 اگست سے 8 ستمبر کے درمیان ہوگا۔ 47 ایتھلیٹس اِن کھیلوں میں پہلی بار حصہ لے رہے ہیں۔ پیرا لمپک کھیلوں میں حصہ لے رہے بھارتی دستے کی روانگی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ اس ٹیم میں 50 ایسے کھلاڑی ہیں جو Target Olympic Podium اسکیم TOPS سے مستفید ہوئے ہیں۔ جناب مانڈویا نے کہا کہ بہت سارے کھلاڑی کھیلو انڈیا گیمز سے بھی آئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆